## ہزارہ کےعوام کی جانب سے نئے صوبہ کی بات کوغیر اہم اور وقتی ابال نہ سمجھا جائے۔الطاف حسین

## اس سے پہلے کہ ملک میں بے چینی کی لہر مزید دوڑے،مزید جانوں کا اتلاف ہو اور بہت نقصان ہو چکا ہو

## ہزارہ کی سنگین صورتحال پر فی الفور توجہ دی جائے، ہزارہ کے عوام کے خلاف طاقت استعمال کرنے کے بجائے ان کی آواز کو سنا جائے

## ہزارہ ڈویژن کے عوام اپنے حقوق کیلئے آواز بلند کررہے ہیں،ہم ان کے حقوق کی حمایت کرتے ہیں

## جہاں جہاں بھی لوگ اپنے صوبہ کا مطالبہ کررہے ہیں وہاں کے نمائندوں اور سیاسی جماعتوں کی گزارشات اور دلائل سنے جائیں

## ملک کی بقاء وسلامتی، معاشی استحکام اور جمہوریت کے فروغ کیلئے ضروری ہے کہ عوام میں پائی جانے والی بے چینی کو دور کیا جائے

لندن۔۔۔ 14 اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ ہزارہ کےعوام کی جانب سے نئے صوبہ کی بات کوغیر اہم اور وقتی ابال نہ سمجھا جائے بلکہ یہ ہزارہ کےعوام کے برسوں کے دبے ہوئے جذبات کی ترجمانی ہے۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے ہزارہ ڈویژن کی تیزی سے بگڑتی ہوئی صورتحال پرتشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ سرحد کا نام تبدیل کرکے پختونخوا رکھا جانا عوامی نیشنل پارٹی کا شروع سے مطالبہ تھااور ایم کیوایم نے بھی ہمیشہ اس کی حمایت کی لیکن صوبہ سرحد کا نام تبدیل کرکے خیبر پختونخوار کھے جانے سے ہزارہ ڈویژن کےعوام میں جوسخت بے چینی پیدا ہوئی ہے اسے کسی بھی قیمت پرنظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہزارہ ڈویژن کےعوام اپنے حقوق کیلئے آواز بلند کررہے ہیں اور ایم کیوایم ہزارہ کےعوام سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہزارہ کےعوام کے خلاف طاقت استعمال کرنے کے بجائے ان کی آواز کو سنا جائے۔ ہزارہ کےعوام کی جانب سے نئے صوبہ کی بات کوغیر اہم اور وقتی ابال نہ سمجھا جائے بلکہ یہ ہزارہ کےعوام کے برسوں کے دبے ہوئے جذبات کی ترجمانی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ بسااوقات انسانی تاریخ میں چندواقعات وحادثات اور چندوقوع پذیر ہونیوالی تبدیلیاں لوگوں کے پوشیدہ اور دبے ہوئے جذبات کو ابھار دیتی ہیں۔لہٰذا اس سے پہلے کہ ملک میں بے چینی کی لہر مزید دوڑے،مزید جانوں کا اتلاف ہو اور فیصلے اس وقت کئے جائیں جب بہت نقصان ہو چکا ہو ہزارہ کی سنگین صورتحال پر فی الفور توجہ دی جائے کیونکہ پاکستان مزید کسی بڑے بحران، محاذ آرائی اور تصادم کا متحمل نہیں ہوسکتا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگر دنیا کے بیشتر ممالک کی تاریخ کا جائزہ لیں تو ان کی آزادی کے وقت جتنے صوبے تھے وہاں حالات کے تحت تبدیلیاں کی گئیں اور نئے نئے صوبے وجود میں لائے گئے۔وقت اور حالات کے پیش نظر ڈی سینٹرلائزیشن کرنے اور نئے نئے صوبے اور انتظامی یونٹس قائم کرنے سے ملک کمزور نہیں بلکہ مضبوط ہوتے ہیں اور ترقی پاتے ہیں۔انہوں نے صدر مملکت، وزیراعظم اور تمام ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ ہزارہ کے مسئلہ پر فی الفور توجہ دی جائے، اسے کابینہ اور سینیٹ وقومی اسمبلی میں پیش کیا جائے۔اس معاملے پرفوری طور پر گول میز کانفرنس طلب کی جائے اور ہزارہ صوبہ، سرائیکی صوبہ اور جہاں جہاں بھی لوگ اپنے لئے صوبہ کا مطالبہ کررہے ہیں وہاں کے نمائندوں اور سیاسی جماعتوں کو گول میز کانفرنس میں مدعو کیا جائے، ان کی گزارشات اور دلائل سنے جائیں اور نئے صوبوں کے قیام کے معاملے کوعوام کی امنگوں اور خواہشات کے مطابق حل کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ملک کی بقاء وسلامتی، معاشی استحکام، جمہوریت کے فروغ اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ضروری ہے کہ عوام میں پائی جانے والی بے چینی کو دور کیا جائے۔

## ممتاز دینی اسکالر ڈاکٹر اسرار احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## ڈاکٹر اسرار احمد کے انتقال سے ملک ایک ممتاز مبلغ اور مذہبی اسکالر سے محروم ہوگیا ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔14 اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے تنظیم اسلامی کے بانی اور ملک کے ممتاز دینی اسکالر ڈاکٹر اسرار احمد کے انتقال پر دلی افسوس اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ڈاکٹر اسرار احمد کے انتقال سے ملک ایک ممتاز مبلغ اور مذہبی اسکالر سے محروم ہوگیا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان ڈاکٹر اسرار احمد مرحوم کے اہل خانہ اور شاگردوں سمیت تمام عقیدت مندوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر اسرار احمد مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواروں کو صبر جمیل عطا کرے۔

## مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم سائٹ کے کارکن تنویر احمد جاں بحق

## مرحوم کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں میں مقامی قبرستان میں سپرد خاک

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔14/اپریل 2010ء

سائٹ میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے کارکن تنویر احمد ولد غلام سرور جاں بحق ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی سیکٹر سائٹ یونٹ 9/B کے کارکن تنویر احمد علاقے میں چوکیداری کی ڈیوٹی کررہے تھے کہ نامعلوم دہشت گردوں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کردی جس کے باعث وہ جاں بحق ہوگئے۔تنویر احمد مرحوم کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان علاقائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سائٹ کے کارکن تنویر احمد کی ہلاکت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تنویر احمد مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشتگردوں کی فائرنگ سے تنویر احمد کی ہلاکت پر سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس واقعہ کو شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ واقع میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے تنویر احمد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔

## مذہبی رواداری اور اتحاد بین المسلمین کے فروغ میں الطاف حسین اور ایم کیوایم کا بڑا کردار ہے

## علامہ عون محمد نقوی کی سربراہی میں فقہ جعفریہ کے وفد کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔14اپریل 2010ء

ادارہ تبلیغات اسلامی (پاکستان) کے سربراہ اور رکن سپریم کونسل جعفریہ الائنس علامہ عون محمد نقوی کی سربراہی میں فقہ جعفریہ کے ایک وفد نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سید مصطفیٰ کمال اور اشفاق منگی سے ملاقات کی۔وفد میں علامہ عابد قنبری،علامہ اکرام حسن زیدی،علامہ محمد سجاد شبیر،حکیم محمد زیدی،مولانا آغا نادر اور علامہ خلیل احمد کمبی شامل تھے۔ملاقات میں وفد نے فقہ جعفریہ کے مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کی تائید کی اور کہا کہ ملک اور خصوصا کراچی میں مذہبی رواداری، بھائی چارے اور اتحاد بین المسلمین کے فروغ میں الطاف حسین اور ایم کیوایم کا سب سے بڑا کردار ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں فرقہ ورانہ فساد کرانے کی بار بار سازشیں کی گئیں مگر الطاف حسین نے تمام مسالک کے جید علماء اور مشائخ کو اکٹھا کرکے پروپیگنڈے ناکام بنادیئے۔ملاقات میں مصطفیٰ کمال کی والدہ، ایم کیوایم علماء کمیٹی کے رکن ناصر یامین کے والد، یوم عاشورہ وچہلم کے شہداء کے لئے دعائے مغفرت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔اس موقع پر ایم کیوایم علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد وارا کین بھی موجود تھے۔

## سکھر کی میرانی، شیخ اور اعوان سمیت دیگر برادریوں کے 200 نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

## میرانی، شیخ اور اعوان برادریوں کے نمائندوں کی سکھر پریس کلب میں پریس کانفرنس

سکھر۔۔۔14،اپریل 2010ء

سکھر کی میرانی، شیخ اور اعوان اور دیگر برادریوں کے 200 نوجوانوں اور بزرگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان گزشتہ روز سکھر پریس کلب میں میرانی برادری کے مشتاق احمد، گل حسن، حضور بخش، آفتاب احمد، شیخ برادری کے داد محمد اور اعوان برادری سے غلام حیدر اور نوید احمد نے مشترکہ اور پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرصوبائی وزیر نثار احمد پہنور، ایم کیوایم سکھر زون کے زونل انچارج قطب الدین اور اراکین بھی موجود تھے۔پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے میرانی، شیخ اور اعوان برادریوں کے افراد نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد جماعت ہے جس کے فکر وفلسفہ اور نظریہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی میں ہی ملک بھر کے غریب عوام کے حقوق موجود ہے۔انہوں نے

کہا کہ جناب الطاف حسین کا نظریہ سندھ کے شہری علاقوں سے نکل کر دیہی علاقوں اور صوبہ پنجاب، صوبہ بلوچستان، صوبہ سرحد، گلگت بلتستان اور کشمیر تک پہنچ گیا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ جناب الطاف حسین کا نظریہ سچائی پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ملک سے فرسودہ روایت اور نظام کے طلسم کو توڑا ہے اور ملک بھر کے غریب عوام میں حقوق کے حصول کا شعور بیدار کر دیا ہے اب ملک بھر کے عوام صرف اور صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین کو ہی اپنا نجات دہندہ تصور کر رہے ہیں۔ پریس کانفرنس میں ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والی میرانی، شیخ اور اعوان برادریوں کے افراد نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ جناب الطاف حسین کی عملی جدوجہد میں اپنے ذاتی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر تحریکی مفاد کیلئے کام کریں گے اور اپنی تمام صلاحیتیں حق پرستانہ پیغام کے فروغ کیلئے استعمال کریں گے۔

## صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کے جلسوں کی کامیابی ملک بھر کے عوام کیلئے نیک شگون ثابت ہوگی، متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی
## 25، اپریل کو لاہور، ملتان اور راولپنڈی میں ہونے والے جلسہ عام میں صوبہ پنجاب کے عوام بھرپور شرکت کریں

کراچی۔۔۔14، اپریل 2010ء

ایم کیوایم کی متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی نے صوبہ پنجاب کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ 25 اپریل کو ایم کیوایم کے تحت لاہور، ملتان اور راولپنڈی میں ہونے والے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کے غریب عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کسی ایک مخصوص طبقے کے حقوق کے حصول کی جدوجہد نہیں کررہے ہیں بلکہ ان کے نزدیک ملک کی تمام قومیتوں، برادریوں اور مذاہب کے لوگ برابر ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم میں تمام قومیتوں، برادریوں اور مذاہب کے لوگوں کی بڑی تعداد موجود ہے۔ لہٰذا ملک کے دیگر صوبوں کی طرح صوبہ پنجاب کے عوام بھی حق پرستی کا پیغام سمجھ چکے ہیں۔ متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی نے صوبہ پنجاب کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ حق پرستی کی تحریک کا بھرپور ساتھ دیں اور ایم کیوایم کے تحت لاہور، ملتان اور راولپنڈی میں ہونے والے جلسہ عام میں بھرپور شرکت کریں اور ثابت کردیں کہ وہ ایم کیوایم کے خلاف پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈوں کو مسترد کر چکے ہیں اور اب ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد میں عملی طور پر حصہ لیکر ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے نئے سفر کا آغاز کریں گے۔

## ایتھلیٹ نسیم حمید کو اعلان کردہ رقوم، فلیٹ اور مراعات نہ ملنے کا فی الفور نوٹس لیا جائے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔14، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے ایشین گیمز میں گولڈ میڈل حاصل کرنے والی ایتھلیٹ نسیم حمید کو حکومت کی جانب سے اعلان کردہ پلاٹ، فلیٹ اور انعامی رقوم نہ ملنے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک مشترکہ بیان میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ ایم کیوایم تعلیم، طب اور دیگر شعبوں کے باصلاحیت افراد کی حوصلہ افزائی اور فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ کھلاڑیوں کے مسائل کے حل کے لئے بھی کوشاں ہے خصوصاً ملک کا وقار بلند کرنے والے کھلاڑیوں اور دیگر شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی بھی حوصلہ افزائی کرتی رہی ہے جس میں ایشین گیمز میں گولڈ میڈل حاصل کرنے والی نسیم حمید بھی شامل ہیں جن کا وطن واپسی پر پرتپاک استقبال کیا تھا اور شاندار کارکردگی پر انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے اعلان کردہ رقم کورنگی ٹاؤن کے استقبالیہ میں دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی عہدیداران کی جانب سے نسیم حمید کی کارکردگی پر رقوم، فلیٹ اور مراعات کا اعلان کیا گیا تھا مگر ابھی تک نسیم حمید کو اعلان کردہ مراعات نہیں دی گئی ہیں۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ نسیم حمید کو حکومتی عہدیداران کی جانب سے اعلان کردہ رقوم، فلیٹ اور مراعات نہ ملنے کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور عظیم کھلاڑی کو ان کا حق دیا جائے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا مقامی صحافی چاند نواب اور سینئر صحافی خالد ایچ لودھی سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔14، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مقامی صحافی چاند نواب کے والد نواب اور سینئر صحافی خالد ایچ لودھی کے چھوٹے بھائی طارق حبیب لودھی کے انتقال پر گہرے دکھ افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم جیکب آباد یونٹ 4 کے جوائنٹ انچارج علی غوری کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔14، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ جیکب آباد یونٹ 4 کے جوائنٹ انچارج لیاقت علی غوری ولد الطاف حسین غوری علالت کے باعث انتقال کر گئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون)۔ لیاقت علی غوری مرحوم کی عمر 65 سال تھی اور وہ گلے کی تکلیف میں مبتلا تھے۔ مرحوم کے سوگواران میں دو بیٹے اور ایک بیٹی شامل ہے۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لیاقت علی غوری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی لیاقت علی غوری اور ایم کیوایم کنہری سیکٹر کے سیکٹر انچارج اصغر علی انجم کی والدہ محترمہ وحیدہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے بلند درجات اور مغفرت کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆